پاکستان میں زچہ و بچہ کے امراض کا سب سے بڑا اسپتال

سوبھراج میٹرنٹی ہوم

سوبھراج میٹرنٹی ہوم پاکستان میں زچہ و بچہ کے امراض اور نگہداشت کا سب سے بڑا اسپتال ہے جہاں بہترین ڈاکٹرز اور طبی ماہرین کی نگرانی میں شہریوں کو علاج معالجے کی سہولتیں فراہم کی جاتی ہیں اور پانچ منزلہ فیروزہ ہاشم بلاک بننے کے بعد اس اسپتال میں بستروں کی تعداد 300 ہوگئی ہے۔

ایڈمنسٹریٹر کراچی رؤف اختر فاروقی سوبھراج میٹرنٹی ہوم اسپتال کا دورہ کر رہے ہیں۔ اس موقع پر سابق ایڈمنسٹریٹر کے ایم سی فہیم الزماں خان، سوبھراج اسپتال کی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر شبین ناز مسعود اور دیگر بھی موجود ہیں

سوبھراج میٹرنٹی اسپتال کا جائزہ لینے کے لئے ایڈمنسٹریٹر بلدیہ عظمیٰ کراچی رؤف اختر فاروقی نے یہاں کا تفصیلی دورہ کیا اور ضروری معلومات حاصل کیں جبکہ اس موقع پر سابق ایڈمنسٹریٹر کے ایم سی فہیم الزمان خان، فیروزہ ہاشم فاؤنڈیشن کے صدر محمد ہاشم شیخ، چوہدری محمد بشیر، سوبھراج اسپتال کی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر شبین ناز مسعود، ایڈیشنل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سلیم، ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ممتاز بشیر سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے، ایڈمنسٹریٹر کراچی رؤف اختر فاروقی نے کہا

> ''علاج معالجے کی سہولتیں پرائیویٹ سطح پر انتہائی مہنگی ہیں جبکہ سرکاری اسپتال شہریوں کو علاج معالجے کی مفت سہولتیں فراہم کرتا ہے جس سے کم آمدنی اور غریب و متوسط طبقے کے لوگ مستفید ہوتے ہیں۔''
>
> **ایڈمنسٹریٹر کراچی رؤف اختر فاروقی**

کہ علاج معالجے کی سہولتیں پرائیویٹ سطح پر انتہائی مہنگی ہیں جبکہ سرکاری اسپتال شہریوں کو علاج معالجے کی مفت سہولتیں فراہم کرتا ہے جس سے کم آمدنی اور غریب و متوسط طبقے کے لوگ مستفید ہوتے ہیں انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے اس دور میں بلدیہ عظمیٰ کراچی 13 بڑے اسپتالوں کے ذریعے کراچی کی ایک چوتھائی آبادی کو طبی سہولتیں فراہم کر رہا ہے انہوں نے کہا کہ سوبھراج اسپتال کی اپ گریڈیشن کی جائے اور آنے والے مریضوں کو لیبارٹری ٹیسٹ، بلڈ بینک و ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر شبین ناز مسعود نے بتایا کہ گزشتہ سال 66 ہزار 21 مریضوں کو او پی ڈی کی سہولت فراہم کی گئی جبکہ 11 ہزار 570 مریضوں کو اسپتال میں داخل کیا گیا، 28 ہزار 25 خواتین کے آپریشن کے ذریعے بچوں کی پیدائش عمل میں لائی گئی جبکہ گزشتہ سال 4 ہزار 849 بچے اسپتال میں پیدا ہوئے، 99 ہزار 874 لیبارٹری ٹیسٹ کئے گئے، 3 ہزار 202 مریضوں کو سوبھراج میں واقع بلڈ بینک کے ذریعے خون فراہم کیا گیا، 288 ایکسریز کئے گئے، 13 ہزار 707 خواتین کو الٹراساؤنڈ کی سہولت مہیا کی گئی انہوں نے بتایا کہ حاملہ خواتین کو علاج معالجے کی سہولت کے ساتھ ساتھ نوزائیدہ بچوں کو 6 بڑی بیماریوں سے بچاؤ کے ٹیکے لگائے گئے جن کی کل تعداد 23 ہزار 567 ہے انہوں نے بتایا کہ خواتین کی مختلف بیماریوں اور فیملی پلاننگ کے 10 ہزار 541 کیسز رپورٹ ہوئے انہوں نے بتایا کہ سوبھراج اسپتال میں 68 ڈاکٹرز چوبیس گھنٹے خدمات انجام دے رہے ہیں اور اسپتال میں روزانہ 20 سے 25 بچوں کی پیدائش عمل میں لائی جاتی ہے جبکہ 200 خواتین کو او پی ڈی کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ایڈمنسٹریٹر کراچی رؤف اختر فاروقی نے اسپتال کا تفصیلی دورہ کیا اور نرسری روم، آپریشن تھیٹر، انتہائی نگہداشت کا کمرہ، بچوں کی عام بیماریوں کا یونٹ، امراض تنفس یونٹ، انتہائی نگہداشت یونٹ، برائے اسہال یونٹ سمیت اسپتال کے مختلف حصوں کا دورہ کیا اور وہاں فراہم کی جانے والی سہولتوں کا جائزہ لیا انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری کو یقینی بنانے اور اسپتال میں صفائی ستھرائی کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔

☆......☆......☆